تنظیمِ اسلامی مرکزی شعبہ نشرواشاعت
K/36 ماڈل ٹاؤن لاہور-فون 3-042-35869501 -042-35856304 فیکس 042-35834000
E-mail: media@tanzeem.org, Website:www.tanzeem.org

تنظیم اسلامی
25-جنوری2019ء

# پریس ریلیز

لاہور(پ ر) جھوٹی گواہی جرمِ عظیم ہے۔ یہ بات امیر تنظیم اسلامی حافظ عاکف سعید نے مکہ مکرمہ سے ایک بیان میں کہی۔ اُنہوں نے چیف جسٹس آصف سعید کھوسہ کے اُن ریمارکس کی تحسین کی جس میں اُنہوں نے جھوٹی گواہی دینے والے کو زیادہ سے زیادہ سزا دینے کی خواہش کا اظہار کیا۔ امیر تنظیم اسلامی نے کہا کہ جھوٹی گواہی یقیناً ناقابل معافی جرم ہے۔ نبی اکرم ﷺ نے جھوٹی گواہی کو شرک کے مترادف قرار دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے ملک میں قانونِ شہادت ہمیشہ سے تنقید کا ہدف رہا ہے۔ یہ قانون حکومتِ برطانیہ نے ایک غلام ریاست کے غلام باشندوں کے لیے بنایا تھا لیکن آزادی کے بعد تمام حکومتیں اس میں ترمیم کرنے اور اُس کے نقائص دور کرنے میں ناکام رہیں۔ اُنہوں نے محترم چیف جسٹس کو مشورہ دیا کہ وہ جھوٹی گواہی پر سزا کے حوالے سے علماء کرام سے مشورہ کریں تاکہ ایسے مجرم کے لیے اُس کے جرم کی نوعیت کے مطابق منصفانہ سزا کا تعین ہو سکے اور ہماری عدالتیں اِس لعنت سے چھٹکارا حاصل کریں۔ اُنہوں نے کہا کہ ملک کے تمام قوانین شریعت یا شریعت کی منشاء کے مطابق بنانے کے لیے ماہرین قانون اور علماء کرام سر جوڑ کر بیٹھیں تاکہ پاکستان میں صحیح معنوں میں شرعی نظام قائم ہو سکے۔

جاری کردہ

(ایوب بیگ مرزا)
ناظم نشرواشاعت تنظیم اسلامی
0321-4893436

# TANZEEM-E-ISLAMI

**PRESS RELEASE: 25 January 2019**

## "Giving false testimony is a colossal sin and a grave injustice."

**(Hafiz Aakif Saeed)**

**Lahore (PR): "Giving false testimony is a colossal sin and a grave injustice."**

This was said by the Ameer of Tanzeem-e-Islami, **Hafiz Aakif Saeed**, in a statement issued from the Holy city of Makkah. The Ameer hailed the remarks given by the Chief Justice of Pakistan, Asif Saeed Khosa, in which the honorable judge had expressed the desire to give the maximum possible punishment to the ones who give false testimony in courts. The Ameer of Tanzeem-e-Islami remarked that, indeed, giving false testimony is an unforgivable crime. The Messenger of Allah *(SAAW)* has compared the nature of the sin of giving false testimony to the nature of committing the sin of polytheism, the Ameer added. The Ameer noted that the *'Qanoon-e-Shahadat'* (Law governing testimony) has always remained a contentious issue in our country. This law was promulgated by the British Government during the era of colonial rule for their subject peoples living in a subject territory (the colony of the Indian subcontinent), yet even after independence, every government of Pakistan failed to amend and remove the wrongs and distortions inherent in the law.

The Ameer advised the honorable Chief Justice to take religious scholars into confidence and consult with them regarding determining the punishment for giving false testimony, so that a judicious punitive system could be developed for such criminals on the basis of the gravity of their crime, which would rid the courts of this evil once for all. The Ameer concluded by asserting that in order to mould all laws of the country on the lines of the Islamic Shariah and the crux of the Islamic Shariah, experts in modern jurisprudence and religious scholars ought to work together to formulate and implement the Shariah Law and Islamic System in Pakistan in genuine terms.


**Issued by**
**Ayub Baig Mirza**
**Nazim of Press and Publications Section**
**Tanzeem-e-Islami, Pakistan**